| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 3 پہلا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: آسمانی کتب اور فرشتے |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کر سکیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے اپنے رسولوں پر آسمانی/الہامی کتابیں نازل کی ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں آمادگی کے لیے طلبہ سے مختلف سوالات پوچھیں:

الف: نبی اور رسول کون ہیں؟

ب: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو سیدھا راستا دکھانے کے لیے کن کو بھیجا؟

طلبہ کو بتائیں کہ ہر دور میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لیے انبیائے کرام علیہم السلام کو بھیجا ان میں سے چند نبیوں پر اللہ تعالیٰ نے اپنی آسمانی کتابیں نازل فرمائیں جنھیں ''آسمانی کتابیں'' یا الہامی کتابیں کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 10 کھولنے کی ہدایت دیں اور سبق کا نام پہلے خود پڑھیں پھر طلبہ سے بلند آواز سے پڑھوائیں۔
- سبق کے پہلے پیراگراف کا متن طلبہ سے پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ دہرائیں اور طلبہ کو ان کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اسے سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت عطا کی اسے دنیا میں زندگی گزارنے کے لیے بے شمار نعمتوں سے نوازا۔ اس کے ساتھ ساتھ انسان کی سب سے بڑی

ضرورت ہدایت وراہ نمائی کا بھی خیال رکھا۔اس مقصد کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابیں نازل فرمائیں، یہ کتابیں 'آسمانی کتابیں' یا 'الہامی کتابیں' کہلاتی ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ ان کتابوں میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی اور ہدایت کی بہت سی باتیں بتائی ہیں ان کتابوں میں اچھے کاموں کے انعام اور بُرے کاموں کے نقصان بتائے گئے ہیں۔
- تختہ تحریر پر آسمانی کتابوں کے نام لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تورات | زبور | اِنجیل | قرآنِ مجید |

- طلبہ سے یہ نام پڑھوائیں۔انھیں ترتیب وار آسمانی کتابوں کے نام یاد کروائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ہدایت | ہِ۔دا۔یت | سیدھا راستا دکھانا |
| نازل | نا۔زِل | آسمان سے اُترنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

تختہ تحریر پر چاروں آسمانی کتابوں کے نام بغیر ترتیب کے لکھیں۔طلبہ کو ہدایت دیں کہ ان کتابوں کے نام درست ترتیب دے کر پڑھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے گروپس بنائیں اور ہر گروپ سے "اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابیں کیوں نازل فرمائیں" کا جواب پوچھیں۔ صحیح جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: ______________ | مضمون: اسلامیات | سبق: آسمانی کتب اور فرشتے |


سوال 1: آسمانی کتابوں کی ترتیب نزولی کے مطابق دائروں میں نمبر لکھیں۔











| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام ______ | ہفتہ: 3 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: آسمانی کتب اور فرشتے |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آسمانی کتب اور جن انبیائے کرام علیہم السلام پر یہ کتب نازل ہوئیں، ان کے نام جان سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے ترتیب وار آسمانی کتابوں کے نام سنیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ آسمانی کتابیں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے نازل فرمائیں اور حضرت جبریل علیہ السلام ان کتابوں کو اللہ تعالیٰ کے رسولوں کے پاس لے کر آئے۔ طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری آسمانی کتاب ہے جو قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لیے ہدایت اور راہ نمائی کا واحد ذریعہ ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے سبق کا متن صفحہ نمبر 10 (حضرت جبریل علیہ السلام سے ۔۔۔۔ صفحہ نمبر 11 تعلیمات کو سمجھیں اور ان پر عمل کریں) پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر چاروں آسمانی کتابیں اور جن انبیائے کرام علیہم السلام پر یہ نازل ہوئیں، کے نام لکھیں اور طلبہ کو پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں تورات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر، زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر، انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اور قرآن مجید حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم خاتم النبیین پر نازل ہوا۔

- انھیں بتائیں یہ تمام آسمانی کتابیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے، حضرت جبریل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے رسولوں کے پاس لے کر آئے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جس طرح حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نبی اور رسول ہیں اسی طرح قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے جو قیامت تک انسانوں کے لیے ہدایت اور راہ نمائی کا ذریعہ ہے یہ کتاب زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔
- طلبہ کو قرآن مجید پڑھنے کی فضیلت سے آگاہ کریں کہ اس کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: "کہ اس مومن کی مثال جو قرآن مجید پڑھتا ہے، میٹھے لیموں کی طرح ہے کہ اس کی خوشبو بھی اچھی ہے اور اس کا ذائقہ بھی میٹھا ہے"۔ (صحیح مسلم)

اسی طرح ایک اور جگہ فرمایا: "قرآن کثرت سے پڑھا کرو اس لیے کہ یہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لیے سفارشی بن کر آئے گا"۔ (صحیح مسلم)
- طلبہ کو بتائیں کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم پر لازم ہے کہ تمام آسمانی کتابوں اور رسولوں پر ایمان لائیں اور قرآن مجید کو اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب مانتے ہوئے اس کی تعلیمات کو سمجھیں اور اس پر عمل کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| ایمان | اِی۔مان | عقیدہ |
| ذمہ داری | ذم۔مہ۔داری | ضمانت |
| راہ نمائی | راہ۔نُمائی | ہدایت |
| واحد | وا۔حِد | ایک |
| حفاظت | حِ۔فا۔ظَت | نگرانی |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق میں جزو (1) کے پہلے تین سوالات کے جواب طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

مشہور آسمانی کتابوں اور جن انبیائے کرام علیہم السلام پر یہ نازل ہوئیں، کے نام اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: آسمانی کتب اور فرشتے |
|---|---|---|

**سوال 1: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| اللّٰہ تعالیٰ | انسانوں | حضرت عیسیٰ علیہ السلام | رسول | قرآن مجید |
|---|---|---|---|---|

ا۔ آسمانی کتابیں اللّٰہ تعالیٰ نے ____________ کی راہ نمائی کے لیے نازل فرمائیں۔

۲۔ جن نبیوں پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں، انھیں ____________ کہتے ہیں۔

۳۔ قرآن مجید کی حفاظت کی ذمہ داری خود ____________ لی ہے۔

۴۔ انجیل ____________ پر نازل ہوئی۔

**سوال 2: جن انبیائے کرام علیہم السلام پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں، ان کے نام لکھیں۔**

| | |
|---|---|
| تورات | |
| زبور | |
| انجیل | |
| قرآن مجید | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 تیسرا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات | سبق کا نام: آسمانی کتب اور فرشتے |

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں کے بارے میں جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔
- چار بڑے اور جلیل القدر فرشتوں کے نام جان سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ جس طرح انسان، حیوانات اور جنات اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں ویسے ہی فرشتے بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں۔ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے نور سے پیدا کیا ہے۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم مشہور فرشتوں کے نام اور ان کے ذمّے جو کام ہیں ان کے بارے میں پڑھیں گے۔

### طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- سبق کے آخری عنوان 'فرشتے' کی پڑھائی مکمل کروائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی پاک مخلوق ہیں وہ نہ کھاتے ہیں، نہ پیتے ہیں اور نہ سوتے ہیں بلکہ وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف رہتے ہیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ترجمہ ''اور فرشتے اپنے رب کی تعریف کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں۔'' (سورۃُ الشوریٰ: آیت: 5)
- طلبہ کو بتائیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی کبھی بھی نافرمانی نہیں کرتے انھیں جو بھی حکم ملتا ہے اُسے فوراً پورا کر دیتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر چار مشہور فرشتوں کے نام لکھیں۔

حضرت جبریل علیہ السلام | حضرت میکائیل علیہ السلام

حضرت عزرائیل علیہ السلام | حضرت اسرافیل علیہ السلام

- طلبہ کو بتائیں کہ فرشتوں کی صحیح تعداد کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہے۔
- انھیں بتائیں فرشتے صرف وہی کام کرتے ہیں جن کا انھیں حکم ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مختلف فرشتوں کو مختلف قسم کے کاموں کے لیے مامور فرمایا ہے۔
- طلبہ کو حضرت جبریل علیہ السلام کے نام کا فلیش کارڈ دکھائیں اور بلند آواز سے نام پڑھیں۔ ان سے پوچھیں: کیا آپ نے پہلے یہ نام کبھی سنا ہے؟
- طلبہ کو بتائیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام فرشتوں کے سردار ہیں۔ یہ وہ فرشتے ہیں جن کا کام نبیوں اور رسولوں کی طرف وحی یعنی اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا تھا۔
- اسی طرح حضرت میکائیل علیہ السلام کے ذمّے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو روزی پہنچانا اور بارش برسانا ہے۔
- حضرت عزرائیل علیہ السلام کے ذمّے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہر جان دار کی روح قبض کرنا ہے۔ انھیں ملک الموت بھی کہتے ہیں۔
- حضرت اسرافیل علیہ السلام کے ذمّے قیامت کے دن صور پھونکنا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فرشتوں کا ذکر قرآن مجید اور احادیث میں آیا ہے اور مسلمان ہونے کی حیثیت سے ان کا دل اور زبان سے اقرار کرنا ضروری ہے اور یہ ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے۔
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ جیسے فرشتے ہر وقت اللہ تعالیٰ کا ہر حکم مانتے ہیں ہمیں بھی اللہ تعالیٰ کے احکامات کی تعمیل کرنی چاہیے تاکہ اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہو۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| صور | صُور | بگل |
| نور | نُو۔ر | روشنی |
| مصروف | مَص۔رُوف | کام میں لگا ہوا |
| قبض کرنا | قَبْ۔ض۔کرنا | روح نکالنا |

**اعادہ:** **2 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کو مختصر اًدہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق کے جزو(1) کے سوالات کاپی پر حل کروائیں جزو(2) خالی جگہ پر کریں، کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سبق کی دہرائی کریں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

چار مشہور فرشتوں کے نام اور ان کے کام کاپی پر خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| نام:____________ | مضمون: اسلامیات | سبق: آسمانی کتب اور فرشتے |
|---|---|---|

سوال 1: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| اللہ تعالیٰ | چار | نور | روح |
|---|---|---|---|

ا۔ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو ____________ سے پیدا کیا۔

۲۔ فرشتے کبھی بھی ____________ کی نافرمانی نہیں کرتے۔

۳۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم پر جان دار کی ____________ قبض کرتے ہیں۔

۴۔ مشہور فرشتوں کی تعداد ____________ ہے۔

سوال 2: چار مشہور فرشتوں کے نام لکھیں۔

____________

____________

____________

____________